# تُحفَۃُ الأَطفَالِ

☆☆☆☆☆

**محمد عبدالعزیز** غازی

خطیب لال مسجد اسلام آباد

ومہتمم جامعہ فریدیہ وجامعہ سیدہ حفصہؓ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## چند تمہیدی باتیں

اللہ تبارک وتعالی بے حساب قدرتوں، عظمتوں اور شان والے ہیں۔ جو بھی چیز تخلیق فرماتے ہیں وہ ایسی تخلیق فرماتے ہیں کہ سارے جہاں کے بڑے بڑے دماغ مل کر اس میں کوئی کمی بیشی ثابت نہیں کر سکتے۔ نہ کوئی عیب نکال سکتے ہیں نہ ہی اللہ تبارک وتعالی کی تخلیق کی طرح کوئی تخلیق کر سکتے ہیں۔ غرض یہ کہ اللہ تبارک وتعالی کی ہر تخلیق معجزانہ ہوتی ہے۔ اس کا سورج، چاند، ستارے، کہکشائیں، زمین، پھل، پھول، سبزیاں انسان جانور درندے پرندے غرض اللہ کی ہر تخلیق بے عیب اور معجزانہ ہے۔ ایسے ہی اللہ تبارک وتعالی کا قرآن اور حضور ﷺ کی حدیث جو کہ اللہ ہی کا کلام ہے وہ بھی بے عیب ہے اور معجزانہ ہے اگر کوئی کافر ہم سے یہ دلیل مانگے کہ قرآن وحدیث اللہ کا کلام ہے۔ دلیل کیا ہے؟

تو جواب یہ ہے کہ جیسے اللہ تبارک وتعالی کی ہر تخلیق بے عیب لاریب معجزانہ ہے تو ایسے ہی اللہ تبارک وتعالی کا قرآن اور حضور ﷺ کی احادیث لاریب بے عیب اور معجزانہ ہیں۔ قرآن وحدیث کی عبارتیں بھی معجزانہ صرف ونحو کے لحاظ سے بھی اور بلاغت اور معانی کے اعتبار سے بھی۔ قرآن وحدیث کے غیبی ارشادات بھی معجزانہ اور لاریب۔ جو غیبی ارشادات قرآن وحدیث میں آئے وہ پورے ہوئے اور ہو رہے ہیں جن میں سے بعض کو ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ قرآن وحدیث نے تخلیق کائنات اور مخلوقات کے متعلق جو جو باتیں چودہ سو سال پہلے کہیں لاکھوں تجربات اور مشاہدات ان باتوں کی تصدیق کر رہے ہیں۔ قرآن وحدیث کے ضابطے اور اصول معجزانہ۔ جن چیزوں میں فوائد بیان کیے گئے یہ ممکن نہیں کہ لاکھوں تجربات مشاہدات ان میں نقصان ثابت کر دیں اور جن چیزوں میں نقصان بیان کیے گئے ان میں نقصان ہی نقصان ہیں۔ یہ ممکن نہیں کہ لاکھوں تجربات اور مشاہدات ان میں فوائد ثابت کر سکیں قرآن وحدیث نے جس چیز کو حلال کہا یا جس چیز کو بطور نعمت بیان کیا اس میں فائدے ہی فائدے ہیں اور جس چیز کو حرام کہا یا نقصان دہ بیان کیا اس میں نقصان ہی نقصان ہیں لاکھوں تجربات مشاہدات اس کی گواہی دیں گے۔

قرآن وحدیث نے جس چیز کو طبی لحاظ سے فائدے مند کہا لاکھوں جدید تجربات اور مشاہدات اس کو فائدہ مند بتلا رہے ہیں۔ قرآن وحدیث نے جن صفات حمیدہ کے فضائل بتائے وہ بھی معجزانہ ہیں لاریب ہیں اس میں کوئی نقصان ثابت نہیں کر سکتا اور جن صفات مذمومہ سے روکا اور نقصان بتلائے تو یہ بھی معجزانہ ہیں۔ دنیا کے لاکھوں تجربات اور مشاہدات اس میں نقصان ثابت کر رہے ہیں۔ آج دنیا میں قرآن وسنت کی ہر چیز پر تحقیقات ہو رہی ہیں اور قرآن وسنت کے اعجازات کھل کر سامنے آ رہے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم قرآن وسنت کے پڑھتے اور پڑھاتے وقت قرآن وسنت کے معجزانہ ارشادات پر غور کیا کریں اور اس کو آگے بیان کریں۔ آپ ﷺ کی احادیث مبارکہ کو یاد کرنا اور آگے بیان کرنے کے بہت ہی فضائل ہیں۔ اسلئے کوشش کریں روزانہ چند احادیث یاد کیا کریں اگر ہم روزانہ دس حدیثیں یاد کریں تو ایک ماہ میں تین سو احادیث یاد ہو جائیں گی۔ ایک سال میں ۳۶۰۰ احادیث یاد ہو جائیں گی۔ آج حال یہ ہے کہ علماء اور عالمات کو سو احادیث بھی یاد نہیں۔ اسکی وجہ مدارس میں غیر ضروری صرفی، نحوی، منطقی، فقہی، نظریاتی مباحث ہیں۔ جنکی امت کو کوئی خاص ضرورت نہیں۔ اور نہ ہی یہ مباحث فرض وواجب ہیں۔ جبکہ بہت سارے صفات حمیدہ کا حصول فرض وواجب ہے۔ نہ ان صفات حمیدہ کی اقسام کا علم ہے نہ ہی انکے احکام کا۔ ایسے ہی بہت ساری بری صفات سے بچنا فرض وواجب ہے اور عمومی طور پر علماء اور عالمات کو ان بری صفات کا نہ علم ہے نہ انکی اقسام اور احکام کا۔ اسلئے کوشش کریں ایسی

احادیث کی کتابیں ترتیب دیں جسمیں صفات حمیدہ کوحروف تہجی کی ترتیب پر لائیں ۔اسطرح کہ پہلے اسکے لغوی معنی اوراصطلاحی معنی بیان کریں اوراگراسکی اقسام ہیں تو اسکو بیان کریں اور پھر ہرایک کاحکم بیان کریں۔اسکے بعد اس صفت پرقرآنی آیات ،احادیث ،اقوال سلف آخرمیں اچھی صفت کے فوائد اور بری صفت کے نقصانات بیان کریں۔اسکے لئے نضرۃ النعیم فی مکارم اخلاق الرسول الکریم کا مطالعہ کریں۔اسکے ساتھ انہی اچھی صفات کے فوائداگرسائنس نے تحقیقات کے بعد بیان کئے ہیں تواسکومعجزات القرآن والسنہ کے حوالے سے بیان کریں۔کہ دیکھیں کہ قرآن وحدیث نے جس چیز کی تعریف کی اسکے فوائد جدید سائینس بیان کررہی ہے۔اسیطرح بری صفت کے اگرنقصانات جدید سائینس بیان کرتی ہے تواسکومعجزات القرآن والسنہ کے حوالے سے بیان کریں۔اسکے ساتھ ساتھ ہر عالم اورعالمہ ،طالب اورطالبہ اور ہرمسلمان یہ کوشش کرے کہ میں نے ایک مختصرسی حدیث کی کتاب لکھنی ہے۔اورمختلف زبانوں میں اسکا ترجمہ کرکے امت مسلمہ تک پہنچانی ہے ۔پھر ہرایک کتاب لکھنے کے بعد چنداہل علم کوضرور دکھادے تاکہ غلطیوں کا ازالہ ہوجائے۔بندہ نے کچھ احادیث بمع ترجمہ اورعنوانات کے ترتیب دیے ہیں۔اللہ تبارک وتعالی اس کاوش کوقبول فرمائے اور بندہ کے لئے اورتمام اساتذہ کے لئے جنھوں نے اس کتاب کی کتابت،اعراب لگانے اورتصحیح میں میری معاونت کی ہم سب کے لئے اسکوصدقہ جاریہ بنائے۔آمین

محمد عبدالعزیز غازی حفظہ اللہ
خطیب لال مسجد اسلام آباد
۳۰رجب المرجب ۱۴۳۷ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

## علم حاصل کرنے کے لیے نکلنا جہاد ہے۔

﴿١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ خَرَجَ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَرْجِعَ. (ترمذی ٢٦٤٧)

حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص دین کا علم حاصل کرنے کے لئے نکلتا ہے وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے راستے میں ہے جب تک کہ لوٹ آئے۔

## جنت کی راہیں کیسے آسان ہوں گی؟

﴿٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ سَلَکَ طَرِیْقاً یَلْتَمِسُ فِیْهِ عِلْماً سَهَّلَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِیْقًا اِلَی الْجَنَّةِ. (سنن ابن ماجه ٢٢٣)

حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص ایسے راستے میں چلا کہ جس میں علم حاصل کرے اللہ تبارک تعالیٰ اس کیلئے جنت کا راستہ آسان کردے گا۔

## سبحان اللہ کیسی شان والے ہیں دینی علوم پڑھنے والے طلباء

﴿٣﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ الْمَلٰئِکَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا رِضاً لِطَالِبِ الْعِلْمِ. (سنن ابن ماجه ٢٢٣)

حضور ﷺ نے فرمایا بے شک فرشتے طالب علم کی رضامندی کی خاطر اپنے پر بچھاتے ہیں۔

## علماء انبیاء کے وارث ہیں قدر کیجیے

﴿٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَاءِ. (سنن ابوداؤد ٢٢٣)

حضور ﷺ نے فرمایا بے شک علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

## پہلے ان پر خرچ کیجیے جن کا حق زیادہ ہے

﴿۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِبْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ.(مسلم ۱۰۲۳)

حضور ﷺ نے فرمایا تو پہلے اس کو دے جس کا خرچ تیرے ذمہ ہے۔

## اللہ تبارک وتعالیٰ کے ناپسندیدہ انسان

﴿۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَبْغَضُ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْأَلَدُّ الْخَصِمُ.(بخاری ۲۴۵۷ ومسلم ۲۶۶۸)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک زیادہ مبغوض وہ انسان ہے جو بہت زیادہ جھگڑالو ہو۔

## دنیا اور آخرت کے چراغوں سے استفادہ کیجیے

﴿۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِتَّبِعُوا الْعُلَمَاءَ فَاِنَّهُمْ سِرَاجُ الدُّنْيَا وَمَصَابِيْحُ الْاٰخِرَةِ.(کنزالعمال ۲۸۶۸۱)

حضور ﷺ نے فرمایا علماء کی تابعداری کیا کرو اس لئے کہ وہ دنیا اور آخرت کے چراغ ہیں۔

## اولاد کے درمیان کھانے، پینے اور لباس میں برابری رکھیں

﴿۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا فِيْ اَوْلَادِكُمْ.(مسلم ۱۶۲۳)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کی نافرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کے (حقوق) میں مساوت کرو۔

## خوب سوچ کر تمام تہمتوں کے مقامات سے بچیں

﴿۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِتَّقُوْا مَوَاضِعَ التُّهَمِ.

حضور ﷺ نے فرمایا تہمت کے مقامات سے بچو۔

## علماء کی غلطیوں پر طعن وتشنیع سے بچیں

﴿١٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِتَّقُوا زَلَّةَ الْعَالِمِ وَانْتَظِرُوْا فَيْئَتَهٗ.(السنن الکبری للبیھقی ٨٣١)

حضور ﷺ نے فرمایا عالم کی غلطی پر طعن وتشنیع سے بچو اور اس کے رجوع کا انتظار کرو۔

## عظمت والے قرآن مجید کے بعض آداب

﴿١١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اُتْلُوا الْقُرْآنَ وَابْكُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكَوْا وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ.(مستخرج ابی عوانہ ٣٨٨١)

حضور ﷺ نے فرمایا قرآن پڑھو اور رویا کرو اور اگر رونا نہ آئے تو بتکلف رونے کی صورت بنا لیا کرو اور جو قرآن مجید میں تغنی نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

## زبان کی حفاظت نہ کرنے سے بہت سارے مسائل پیدا ہوتے ہیں اسکی حفاظت کریں

﴿١٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ حِفْظُ اللِّسَانِ.(کنز العمال ٧٨٥١)

حضور ﷺ نے فرمایا سب سے پسندیدہ عمل اللہ تبارک وتعالی کے نزدیک زبان کی حفاظت کرنا ہے۔

## بکریاں پالیں سنت بھی ہے، عاجزی پیدا ہوتی ہے۔بکری کا دودھ زیادہ فائدہ مند ہے

﴿١٣﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِتَّخِذُوْا الْغَنَمَ فَاِنَّهَا بَرَكَةٌ.(مسند احمد ٢٧٣٨١)

حضور ﷺ نے فرمایا بکریاں رکھا کرو یہ برکت کے جانور ہیں۔

## بڑے برتنوں میں مل کر کھانے کی سنت زندہ کریں

﴿١٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَحَبُّ الطَّعَامِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مَا كَثُرَتِ الْاَيْدِىْ عَلَيْهِ.(المعجم الاوسط ٧٣٧١)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی کے نزدیک وہ کھانا زیادہ پسندیدہ ہے جس میں بہت سے ہاتھ

پڑتے ہوں۔

## بدگمانی تعلقات کو تباہ کردیتی ہے

﴿۱۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِحْتَرِسُوْا مِنَ النَّاسِ بِسُوْءِ الظَّنِّ. (المعجم الاوسط ۵۹۸)

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں پر بدگمانی کرنے سے خود کو بچاؤ۔

## قرآن مجید کو غم وحزن کے ساتھ پڑھیں

﴿۱۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ اَحْسَنَ النَّاسِ قِرَاءَ ۃً اِذَا قَرَأَ القرآنَ یَتَحَزَّنُ بِہٖ. (المعجم الکبیر للطبرانی ۱۰۸۵۲)

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں میں اچھا قرآن پڑھنے والا وہ ہے جو قرآن پڑھتے وقت غمزدہ ہو۔

## عورتوں کی جائز خواہشات کا احترام کریں مدنی آقا کا حکم ہے

﴿۱۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِحْمِلُوا النِّسَاءَ عَلٰی اَھْوَائِھِنَّ. (کنزالعمال ۴۴۹۵۴)

حضور ﷺ نے فرمایا عورتوں کی خواہشات کا بوجھ اٹھاؤ ان کی جائز خواہشات کے مطابق۔

## انسان خالص چیز پسند کرتا ہے اگرچہ تھوڑی ہو اللہ تبارک وتعالیٰ بھی خالص عمل کو پسند کرتے ہیں اگرچہ تھوڑا ہو

﴿۱۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَخْلِصِ الْعَمَلَ یَجْزِکَ مِنْہُ الْقَلِیْلُ. (تخریج احادیث احیاء ۳۸۳۲)

حضور ﷺ نے فرمایا عمل کو خالص کرلو تھوڑا سا بھی تجھے کافی ہوجائے گا۔

## اللہ والوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ خود آداب سکھاتے ہیں

﴿۱۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَأْدِیْبِیْ. (کنزالعمال ۳۱۸۹۵)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری تربیت کی اور مجھے اچھے آداب سکھائے۔

## فقہا کا اختلاف رحمت ہے

﴿۲۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَةٌ. (کنزالعمال ۲۸۶۸۶)

حضور ﷺ نے فرمایا میری امت کا (فقہی) اختلاف رحمت ہے۔

## پریشانیوں والے اللہ تبارک وتعالی کے محبوب ہیں

﴿۲۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ قَوْماً اِبْتَلاَهُمْ. (کنزالعمال ۲۶۳۸)

حضور ﷺ نے فرمایا جب اللہ تبارک وتعالی کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو اس کو آزمائش میں مبتلا کرتا ہے۔

## پریشانیوں کا اضافہ ہو تو یہ سمجھیں کہ اللہ تبارک وتعالی درجات بڑھا رہے ہیں

﴿۲۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْداً صَبَّ عَلَيْهِ الْبَلاَءَ صَبًّا. (کنزالعمال ۶۸۱۱)

حضور ﷺ نے فرمایا جب اللہ تبارک وتعالی کسی بندے کو پسند کرتا ہے تو اس پر خوب آزمائش ڈالتا ہے۔

## پریشانیاں بڑھ جائیں تو آہ وزاری کریں محبوب حقیقی کو بندوں کی آہ وزاری پسند ہے

﴿۲۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْداً اِبْتَلاَهُ لِيَسْمَعَ تَضَرُّعَهُ. (کنزالعمال ۶۷۷۱)

حضور ﷺ نے فرمایا جب اللہ تبارک وتعالی کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈالتا ہے تاکہ وہ اسکی آہ وزاری کو سنے۔

## لوگوں کے مسائل کا بوجھ آنا خیر کی علامت ہے

﴿۲۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْراً صَيَّرَ حَوَائِجَ النَّاسِ اِلَيْهِ. (کنزالعمال ۱۴۵۹۴)

حضور ﷺ نے فرمایا جب بندے کے لئے اللہ تبارک وتعالی خیر کا ارادہ کرتے ہیں تو لوگوں کی حاجتیں اس کی طرف پھیر دیتے ہیں۔

## جب کوئی کام کرائیں تو اجرت مقرر کرلیں راحت میں رہیں گے

﴿۲۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِذَا اِستَاْجَرَ اَحَدُکُمْ اَجِیراً فَلْیُعْلِمْہُ اَجْرَہُ.(کنزالعمال ۹۱۲۴)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کسی کو مزدوری پر رکھے تو اس کی مزدوری طے کرلے۔

## کام کرتے کرتے، چلتے چلتے یا سفر کرتے، گاڑی چلاتے تھک جائیں تو تھوڑا بھاگ لیں

﴿۲۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِذَا اَعْیَا اَحَدُکُمْ فَلْیُھَرْوِلْ فَاِنَّہُ یُذْھِبُ الْاَعْیَاءَ.(کنزالعمال ۱۷۵۴۱)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی تھک جائے تو تھوڑا دوڑ لے، تھکاوٹ دور ہوجائے گی۔

## باوضوء رہنے کی فضلیت

﴿۲۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِذَا تَوَضَّأَ اَحَدُکُمْ فَھُوَ فِیْ صَلاَۃٍ مَا لَمْ یَحْدِثْ.(کنزالعمال ۲۶۸۰۹)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی ایک وضو کرے تو جب تک وضو میں ہوگا وہ نماز (کے حکم) میں رہے گا۔

## مہمانوں کا مختلف طریقوں سے اکرام کریں یہ سنت نبوی ہے

﴿۲۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِذَا جَاءَ کُمُ الزَّائِرُ فَاَکْرِمُوْہُ.(کنزالعمال ۲۴۷۵۴)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تمہارے پاس کوئی ملاقات کو آئے تو اس کا اکرام کیا کرو۔

## لوگوں کو خوفزدہ نہ کریں

﴿۲۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِذَا حَدَّثْتُمُ النَّاسَ عَن رَبِّھِم فَلاَ تُحَدِّثُوْھُمْ بِمَا یُفَزِّعُھُمْ وَیَشُقُّ عَلَیھِم.(المعجم الاوسط ۸۱۹۶)

حضور ﷺ نے فرمایا جب لوگوں سے بات کرو انکے رب کے متعلق تو ان سے ایسی بات مت کہو

جوان کو پریشان کردے۔

## جانوروں کو ذبح کرنے میں اس کی راحت کا خیال رکھیں

﴿۳۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا ذَبَحَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجَهِّزْ .(ابن ماجه ۲۱۷۲)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی جانور ذبح کرنے لگے تو اس کے لئے چھری تیز کر لے۔

## جب کوئی اللہ تبارک وتعالی کے نام کا واسطہ دے تو اس کو قبول کرلیں

﴿۳۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا ذُكِرْتُمْ بِاللّٰهِ فَانْتَهُوْا .(مسندالبزار ۸۵۴۱)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تمہیں اللہ تبارک وتعالی کا واسطہ دیا جائے تو رک جایا کرو۔

## سیدنا محمد ﷺ کی پیاری نصیحت! اس نصیحت پر خصوصی عمل کرنا چاہیے

﴿۳۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا رَاَيْتُمُوْنِىْ فَلَا تَقُوْمُوْا كَمَا تَقُوْمُ الْاَعَاجِمُ .(ابی داؤد ۵۲۳۰)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم مجھ کو دیکھو تو عجمیوں کی طرح کھڑے نہ ہوا کرو۔

## جب اللہ تبارک وتعالی سے رزق مانگیں تو حلال رزق مانگیں

﴿۳۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا سَئَلَ اَحَدُكُمُ الرِّزْقَ فَلْيَسْئَلِ الْحَلَالَ .(کنزالعمال ۹۲۰۶)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی ایک رزق کا سوال کرے تو چاہیے کہ حلال کا سوال کرے۔

## آسمانی بجلی سے بچاؤ کا طریقہ

﴿۳۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا سَمِعْتُمُ الرَّعْدَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ فَاِنَّه لَا يُصِيْبُ ذَاكِراً .(المعجم الکبیر للطبرانی ۱۱۳۷۱)

حضور ﷺ نے فرمایا جب بجلی کی کڑک سنو تو اللہ تبارک وتعالی کا ذکر کرو کیونکہ اللہ تبارک وتعالی کا

ذکر کرنے والے پر بجلی نہیں گرتی۔

## سلام کی عجیب وغریب فضلیت

﴿۳۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِذَاسَلَّمَ الْمُسْلِمُ عَلَى الْمُسْلِمِ فَرَدَّعَلَيْهِ صَلَّتْ عَلَيهِ الْمَلاَئِكَةُ سَبعِينَ مَرَّةً. (تخریج احادیث احیاء ۲)

حضور ﷺ نے فرمایا جب مسلمان دوسرے مسلمان کو سلام کرتا ہے تو فرشتے اسکا جواب ستر مرتبہ دیتے ہیں۔

## مسلمانو اس سنت نبوی کو زندہ کرو اور پڑوسیوں کو سالن بھیجا کرو

﴿۳۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِذَا طَبَخْتُمْ الْقِدْرَ فَاكْثِرُوْا مِنَ الْمَاءِ وَاغْرِفُوْا لِلْجِيْرَانِ. (کنزالعمال ۴۰۸۱۹)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم سالن پکاؤ پانی زیادہ ڈال دیا کرو اور پڑوسیوں کو برتن میں کچھ نہ کچھ دیا کرو۔

## بہت ساری پریشانیوں کا حل

﴿۳۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَسِّرُوْا وَلاَ تُعَسِّرُوا اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْكُتْ. (ابی داؤد ۲۷۳۰)

حضور ﷺ نے فرمایا آسانی پیدا کرو اور مشکلیں نہ پیدا کرو اور جب تم میں سے کسی کو غصہ آجائے تو چاہیے کہ وہ چپ ہو جائے۔

## غصہ دور کرنے کا ایک طریقہ

﴿۳۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِذَا غَضِبْتَ فَاجْلِسْ. (کنزالعمال ۷۶۹۴)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تجھے غصہ آئے تو بیٹھ جایا کرو۔

## جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے رزق کا کوئی راستہ کھولا ہو تو اسکو لازم پکڑ لیں

﴿۳۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا فُتِحَ لِاَحَدِكُمْ رِزْقٌ مِّنْ بَابٍ فَلْيَلْزَمْهُ. (الاداب للبیهقی ۷۸۹)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی ایک کے لئے رزق کا کوئی ایک راستہ بنا ہو تو اس کو نہ چھوڑے۔

﴿٤٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا قُسِمَ لِاَحَدِكُمْ رِزْقٌ فَلَا يَدَعْهُ حَتّٰى يَتَغَيَّرَ لَهُ وَيَتَنَكَّرَ لَهُ. (شعب الایمان ۱۱۸۷)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو کوئی کاروبار ملے تو اس وقت تک نہ چھوڑے یہاں تک کہ اس میں نقصان ہو جائے۔

## اعمال میں کوتاہی نہ کریں ورنہ پریشانیاں زیادہ آئیں گی

﴿٤١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا قَصَرَ الْعَبْدُ فِي الْعَمَلِ اِبْتَلَاهُ اللّٰهُ بِالْهَمِّ. (کنزالعمال ۶۷۸۸)

حضور ﷺ نے فرمایا جب کوئی بندہ عمل میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کو اللہ تبارک وتعالیٰ غم میں مبتلا کر دیتا ہے۔

## جہاں موت لکھی ہے وہاں انسان نے پہنچنا ہے

﴿٤٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا قَضٰى اللّٰهُ لِعَبْدٍ اَنْ يَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ اِلَيْهَا حَاجَةً. (ترمذی ۲۱۴۶)

حضور ﷺ نے فرمایا جب اللہ تبارک وتعالیٰ کسی کی موت کا فیصلہ کر دیتے ہیں کہ فلاں جگہ مرے گا تو وہاں اس کی کوئی حاجت متعلق کر دیتا ہے۔

## مسلمان کو چاہیے کہ دوسروں کو ہر اعتبار سے راحت پہنچائے یہاں تک کہ تولنے میں بھی

﴿۴۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا وَزَنْتُمْ فَارْجِحُوْا. (ابن ماجه ۲۲۲۲)

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم کوئی چیز تولو تو تھوڑا زیادہ ہی تول دیا کرو۔

## اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر خوب کیا کریں چاہے لوگ تمہیں مجنون کہیں

﴿۴۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَكْثِرُوا ذِكْرَ اللّٰهَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ. (صحيح ابن حبان ۸۱۷)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کو اتنا یاد کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں۔

## جب کام نااہلوں کے سپرد ہوں تو تباہی آجاتی ہے

آج پاکستان سمیت پوری دنیا کے ملکوں میں تباہی کی یہی بڑی وجہ ہے

﴿۴۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰى غَيْرِ أَهْلِهٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ. (بخاری ۵۹)

حضور ﷺ نے فرمایا جب حکومت کا کام نااہل کے سپرد کر دیا جائے گا تو قیامت کا انتظار کرو۔

## گزارے کی زندگی بسر کریں

﴿۴۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :يَاابْنَ آدَمَ اِرْضَ مِنَ الدُّنْيَا بِالْقُوْتِ فَاِنَّ الْقُوْتَ لَنْ يَّمُوْتَ. (كنزالعمال ۷۱۴۸)

حضور ﷺ نے فرمایا اے ابن آدم دنیا میں گزارے کی روزی پر راضی ہو جا اس لئے کہ گذارے کی روزی ختم نہیں ہوتی ہے۔

## اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت متوجہ کرنے کا ایک مدنی نسخہ

﴿۴۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِرْحَمْ مَنْ فِى الْاَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِى السَّمَاءِ. (كنزالعمال ۵۹۷۵)

حضور ﷺ نے فرمایا تم زمین والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کرے گا۔

## ہرانسان اپنے لیے راحت، آرام، خوشی، عزت، رفعت پسند کرتا ہے یہی اپنے بھائی کے لیے بھی پسند کرے بہت سارے مسائل حل ہوجائیں گے

﴿٤٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :إِرْضَ لِلنَّاسِ مَا تَرْضٰى لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِماً. (ترتیب الامالی الخمیسہ ٢١٧٣)

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں کے لئے وہی پسند کر جو اپنے لئے پسند کرتا ہے (تو) تو کامل مسلمان ہوجائے گا۔

## پاکیزہ کمائی

﴿٤٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَيُّ الكَسبِ اَطيَبُ ؟قَالَ كَسَبُ الرَّجُلِ بِيَدِهٖ وَكُلُّ بَيعٍ مَبرُوْرٍ. (شعب الایمان ١١٧٤)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنے ہاتھ سے کسب معاش کرنا اور اچھی تجارت سب سے پاکیزہ کمائی ہے۔

## عفو اور عافیت بڑی عظیم نعمت ہے

﴿٥٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ. (صحیح ابن حبان ٩٥١)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی سے عفو وعافیت کو مانگو۔

## سوال کرنے سے بچیں چاہے اشاروں کنایوں میں کیوں نہ ہو

﴿٥١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :إِسْتَعْفِفْ عَنِ السُّؤَالِ مَا اسْتَطَعْتَ. (مسند الشهاب القضاعی ٦٥٠)

حضور ﷺ نے فرمایا جہاں تک ہوسکے سوال کرنے سے بچو۔

## ہر فن کے لوگوں سے اس فن کے معاملے میں معاونت حاصل کریں

﴿٥٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِسْتَعِيْنُوْا عَلٰى كُلِّ صَنْعَةٍ بِصَالِحِ أَهْلِهَا. (کشف الخفاء ٣٤٠)

حضور ﷺ نے فرمایا ہر کام میں مدد اس کے کاریگروں سے لیا کرو۔

## بوڑھوں اور جوانوں کا خیال کریں

﴿۵۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِسْتَوْصُوْا بِالْكُهُوْلِ خَيْراً وَ ارْحَمُوْاالشَّبَابَ.(کنزالعمال ۶۰۵۰)

حضور ﷺ نے فرمایا بوڑھوں کے ساتھ اچھے سلوک کی وصیت کرتا ہوں اور جوانوں پر رحم کرو۔

## اس امت کے معزز ترین لوگ

﴿۵۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَشْرَافُ أُمَّتِیْ حَمَلَةُ الْقُرْآنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ.(شعب الایمان ۲۴۴۷)

حضور ﷺ نے فرمایا میری امت کے بہترین لوگ حافظ قرآن اور رات کو عبادت کرنے والے ہیں۔

## صدقہ کی ایک آسان قسم

﴿۵۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِسْمَاعُ الْأَصَمِّ صَدَقَةٌ.(کنزالعمال ۱۶۳۰۳)

حضور ﷺ نے فرمایا اونچا سننے والے کو سنانا بھی صدقہ ہے۔

## درگزر کرنیکی فضلیت

﴿۵۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِسْمَحْ يُسْمَحْ لَکَ.(مسند احمد ۲۲۳۲)

حضور ﷺ نے فرمایا تم درگزر کرو تم سے درگزر کیا جائے گا۔

## والد کی اطاعت کریں جبکہ حکم شریعت کے دائرے میں ہو

﴿۵۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَطِعْ أَبَاکَ.(مسند احمد ۴۷۱۱)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنے باپ کی تابعداری کرو۔

## صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اجمعین ہدایت کے ستارے ہیں

﴿٥٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَصْحَابِیْ كَالنُّجُوْمِ فَبِأَيِّهِمِ اقْتَدَيْتُمْ إِهْتَدَيْتُمْ. (جامع الاصول ٦٣٦٩)

حضور ﷺ نے فرمایا میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں ان میں جس کی اقتداء کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

## قرآن کی تلاوت عظیم عبادت ہے

﴿٥٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَعْبَدُالنَّاسِ أَكْثَرُهُمْ تِلَاوَةً لِلْقُرْآنِ. (كنزالعمال ٢٢٦٠)

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار وہ ہے جو قرآن کریم تلاوت زیادہ کرتا ہو۔

## عبادت کا اعلیٰ مقام

﴿٦٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اُعْبُدُاللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ. (كنزالعمال ٥٢٥٠)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایسی عبادت کر کہ گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر تم نہیں دیکھ رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

## راستوں سے اذیت دینے والی چیزیں ہٹا دیا کریں

﴿٦١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِعْزِلِ الْاَذٰى عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ. (سنن ابن ماجه ٣٦٨١)

حضور ﷺ نے فرمایا تکلیف دہ چیز کو مسلمانوں کی راہ سے دور کر دیا کرو۔

## مساجد کا ایک اہم حق

﴿٦٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَعْطُوْا الْمَسَاجِدَ حَقَّهَا. قِيلَ وَمَاحَقُّهَا ؟قَالَ رَكعَتَانِ قَبلَ

اَن تَجلِسَ . (مصنف ابن ابی شیبہ ۳۴۲۲)

حضور ﷺ نے فرمایا مسجدوں کو ان کا حق دو (یعنی بیٹھنے سے پہلے دو رکعت (تحیۃ المسجد) پڑھ لیا کرو۔

## اپنے ماتحتوں کو دن میں ستر مرتبہ معاف کریں

﴿٦٣﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اُعفُ عَنِ الْخَادِمِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً. (ترمذی ۱۹۴۹)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنے خادم سے روزانہ ستر دفعہ درگذر کیا کرو۔

## شان والے اور عزتوں والے رب کے حکموں کا احترام کرو

## اللہ تبارک وتعالی دنیا میں عزتیں عطاء کریں گے

﴿٦٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَعِزَّا مُرَ اللّٰهِ أَينَ مَا كُنتَ يُعِزّكَ اللّٰهُ. (کنزالعمال ۴۳۰۶۳)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی کے حکم کی عزت کرو اللہ تمہیں عزت دے گا۔

## مزدور کی مزدوری اسکا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دیں

﴿٦٥﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اُعْطُ الاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَن يَّجِفَّ عِرَقَهٗ. (السنن الکبری للبیہقی ۱۱۶۵۹)

حضور ﷺ نے فرمایا مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دیدو۔

## بہترین اسلام

﴿٦٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَشرَفُ الاِسلاَمِ اَن يَسلَمَ النَّاسُ مِن لِسَانِكَ وَيَدِكَ. (مجمع الزوائد ۲۰۷)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین عمل یہ ہے کہ لوگ تیری زبان اور ہاتھ کی تکلیف سے سلامت رہیں۔

## افضل ترین عمل

﴿٦٧﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ العِلْمُ بِاللّٰهِ.(کنزالعمال ۱۰ر)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین عمل اللہ کی معرفت ہے۔

## نیک کاموں میں اپنی اولاد کے معاون بنیں

﴿٦٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَعِيْنُوْا اَوْلَادَكُمْ عَلَى الْبِرِّ.(مجمع الزوائد ۱۳۴۲۴)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنی اولاد کے نیک کاموں میں معاون بنیں۔

## جب کسی پریشانی کی وجہ سے دل نرم ہوجائے تو اسوقت کو غنیمت جانیں اور خوب دعائیں کریں

﴿٦٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِغْتَنِمُوْا الدُّعَاءَ عِنْدَ الرِّقَّةِ فَاِنَّهَا رَحمَةٌ.

حضور ﷺ نے فرمایا دل کی رقت (نرمی) کے وقت کی دعاء کو غنیمت جانو کیونکہ یہ رقت (نرمی ء) رحمت ہے۔

## رات کی آخری گھڑیاں بڑی فضیلت والی ہیں

﴿٧٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ السَّاعَاتِ جَوْفُ اللَّيْلِ الآخِرِ.(کنزالعمال ۲۱۳۹۶)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین گھڑیاں رات کا آخری حصہ ہے۔

## بہترین عبادت

﴿٧١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ تُوَقِّعُ الْفَرَجِ.(شعب الایمان ۹۵۳۲)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین عبادت فراخی کی امید رکھنا ہے۔

## افضل ترین عبادت

﴿٧٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ طَلَبُ الْعِلْمِ.(کنزالعمال ۲۸۸۲۱)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین عبادت علم حاصل کرنا ہے۔

## اللہ تبارک وتعالیٰ کے بہترین بندے

﴿٧٣﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ عِبَادِ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الحَمَّادُوْنَ. (المعجم الکبیر للطبرانی ٢٥٤)

حضور ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تبارک وتعالیٰ کے بندوں میں سے بہترین لوگ وہ ہوں گے جو کثرت سے اس کی حمد کرنے والے ہوں گے۔

## بوڑھو پریشان نہ ہو تمہارا اللہ کے ہاں بہت بڑا مقام ہے

﴿٧٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ الْمُؤْمِنُ الْمُعَمِّرُ. (کنزالعمال ٤٢٦٤٣)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک لوگوں میں سے بہترین انسان بوڑھا مؤمن ہے۔

## زہد اور فقہ کی فضیلت

﴿٧٥﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الفِقهُ وَاَفْضَلُ الدِّيْنِ الوَرَعُ. (المعجم الاوسط ١٩٢٦٤)

حضور ﷺ نے فرمایا بہتر عبادت دین کی سمجھ حاصل کرنا ہے اور بہتر دین پرہیزگاری ہے۔

## خالص نیت کی فضیلت

﴿٧٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفْضَلُ العَمَلِ النِيَّةُ الصَّادِقَةُ. (کنزالعمال ٧٢٣٨)

حضور ﷺ نے فرمایا افضل عمل خالص نیت ہے۔

## بہترین ہجرت

﴿٧٧﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفضَلُ الهِجرَةِ اَن تَهجُرَ مَا كَرِهَ اللّٰهُ. (کنزالعمال ٤٦٢٦٣)

حضور ﷺ نے فرمایا بہترین ہجرت یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ناپسندیدہ چیزوں کو چھوڑ دو۔

## امت کے بڑے لوگ

﴿۷۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَشرَافُ اُمَّتِی حَمَلَۃُ القُرآنِ وَ اَصحَابُ اللَّیلِ.(شعب الایمان ۲۴۴۷)

حضور ﷺ نے فرمایا میری امت کے سردار حافظ قرآن ا( قرآن یاد کرنے والے )اور رات کو عبادت کرنے والے ہیں۔

## پرندوں کو پریشان نہ کریں انکو اپنے گھونسلوں میں رہنے دیں

﴿۷۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَقِرُّوا الطَّیرَ عَلٰی مَکنَاتِھَا.(مستدرک حاکم ۷۵۹۱)

حضور ﷺ نے فرمایا پرندوں کو اپنے گھونسلوں میں رہنے دیا کرو۔

## دنیا کی محبت سے بچیں

﴿۸۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکبَرُ الکَبَائِرِ حُبُّ الدُّنیَا.(کنزالعمال ۶۰۷۴)

حضور ﷺ نے فرمایا دنیا کی محبت بڑے گناہوں میں سے ہے۔

## سیدھے سادھے لوگوں کو حقیر نہ جانیں

﴿۸۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکثَرُ اَھلِ الجَنَّۃِ البَلَّۃُ.(شعب الایمان ۱۳۰۴)

حضور ﷺ نے فرمایا سیدھے سادھے لوگ جنت میں زیادہ ہوں گے۔

## موت کو یاد کرنا ساری پریشانیوں کا علاج ہے

﴿۸۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکثِرْ ذِکرَالمَوتِ یُسلِیکَ عَمَّاسِوَاہُ.(کنزالعمال ۴۲۰۹۴)

حضور ﷺ نے فرمایا موت کا ذکر زیادہ کرو تجھے اس کے ماسوا سے تسلی دے گا۔

## روٹی کی عزت کریں

﴿۸۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکرِمُوا الخُبزَ فَاِنَّ اللّٰہَ اَکرَمَہٗ.(کنزالعمال ۴۰۷۷۵)

حضور ﷺ نے فرمایا روٹی کی عزت کیا کرو کیونکہ اللہ تبارک وتعالی نے اس کو عزت دی ہے۔

## مٹی کھانا حرام بھی ہے اور جسم کے لیے نقصان دہ بھی ہے

﴿۸٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکلُ الطِّینِ حَرَامٌ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ.(کنزالعمال ۴۰۹۵۷)

حضور ﷺ نے فرمایا مٹی کا کھانا ہر مسلمان پر حرام ہے۔

## گھروں، خاندانوں اور دوستوں میں بدگمانی بے پناہ تباہی لاتی ہے

﴿۸۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکبَرُ الکَبَائِرِ سَوءُ الظَّنِّ بِاللّٰہِ.(کنزالعمال ۵۸۴۹)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی سے بدگمانی کرنا کبیرہ گناہ ہے۔

## اپنی اولاد کا اکرام کریں اور ان کو اچھے اخلاق سکھائیں

﴿۸٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَکرِمُوا اَولَادَکُم وَ اَحسِنُوا آدَابَھُم.(سنن ابن ماجه ۳٦۷۱)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنی اولاد کی عزت کرو اور انکو اچھے آداب سکھاؤ۔

## اللہ کی مدد کو اپنے ساتھ لینے کا طریقہ

﴿۸۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اَللّٰہُ فِی عَونِ العَبدِ مَا دَامَ العَبدُ فِی عَونِ اَخِیہِ المُسلِمِ.(مصنف ابن ابی شیبه ۲٦۵٦٦)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی اپنے بندے کی مدد میں رہتا ہے جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کی امداد میں رہتا ہے۔

## پریشانیاں اللہ کی محبت کی علامتیں ہیں

﴿۸۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ اللّٰہَ اِذَا اَحَبَّ عَبدًا اِبتَلاَ ہُ لِیَسمَعَ صَوتَہٗ .(کنزالعمال ۶۸۱۶)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی جب کسی بندے سے پیار کرتا ہے تو اس کو آزمائش میں مبتلا کرتا ہے تا کہ اس کی آواز سنے۔

## کوئی ہنر سیکھیں اللہ ہنر والے انسانوں کو پسند کرتے ہیں

﴿۸۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ العَبدَ المُؤمِنَ المُحتَرِفَ .(شعب الایمان ۱۱۸۱)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی صاحب حرفت مؤمن کو پسند کرتا ہے۔

## غمزدہ دل والو! پریشان نہ ہو اللہ غمزدہ دل والوں کو پسند کرتے ہیں

﴿۹۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ کُلَّ قَلبٍ حَزِینٍ .(شعب الایمان۸۶۲۵)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی ہر غمگین دل کو پسند کرتا ہے۔

## بیوی کی خدمت کرنا باعث اجر ہے

﴿۹۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا سَقٰی اِمرَأَتَہُ المَاءَ اُجِرَ .(المعجم الاوسط ۸۵۴)

حضور ﷺ نے فرمایا جب کوئی اپنی عورت کو پانی پلاتا ہے تو اسکو اجر دیا جاتا ہے۔

## برداشت کرنے کی فضیلت

﴿۹۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :اِنَّ الرَّجُلَ لَیُدرِکُ بِالحِلمِ دَرَجَۃَ الصَّائِمِ القَائِمِ .(کنزالعمال ۵۸۰۹)

حضور ﷺ نے فرمایا انسان حلم کے باعث روزہ دار اور رات کو نماز پڑھنے والے کا درجہ پاتا ہے۔

## جب رزق ہم کو تلاش کرتا ہے تو پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے

﴿۹۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ الرِّزقَ لَيَطلُبُ العَبدَ كَمَا يَطلُبُهٗ اَجَلُهٗ. (صحيح ابن حبان ۳۲۳۸)

حضور ﷺ نے فرمایا رزق انسان کو ایسا ہی طلب کرتا ہے جیسے اسے موت طلب کرتی ہے۔

## اچھے اچھے کاموں پر لوگوں کی راہنمائی کریں

﴿۹٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ الدَّالَّ عَلَى الخَيرِ كَفَاعِلِهٖ. (المعجم الاوسط ۲۳۸۴)

حضور ﷺ نے فرمایا نیکی کی رہنمائی کرنے والا (ثواب کے اعتبار سے) نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

## اللہ کے غضب اور بری موت سے بچنے کا طریقہ

﴿۹۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلصَّدَقَةُ تُطفِیءُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدفَعُ مِيتَةَ السُّوءِ. (صحيح ابن حبان ۳۳۰۹)

حضور ﷺ نے فرمایا صدقہ اللہ کے غضب کو بجھاتا (ختم) ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ لوگ

﴿۹٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اَحَبَّ عِبَادَللّٰهِ الَّذِينَ يَسأَلُونَهُ الفَرَجَ.

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے بندے وہ ہیں جو کشادگی کا سوال کرتے ہیں۔

## ہر ایک کی خیر خواہی دل میں بسایئے اللہ کے پسندیدہ بن جائیں گے

﴿۹۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اَحَبَّ عِبَادَ اللّٰهِ اِلَيهِ اَنصَحُهُم لِعِبَادِهٖ. (الفتح الكبير ۲۸۸۷)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ کے بندوں میں زیادہ پیارا وہ ہے جو اس کے بندوں کی

زیادہ خیرخواہی کرے۔

## پریشان حالوں کی فضیلت

﴿٩٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ فِی الجَنَّةِ دَرَجَةً لاَ یَنَالُهَا اِلاَّ اَصحَابُ الهُمُومِ. (کنزالعمال ٦٨٠٣)

حضور ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک خاص درجہ ہے جسے صرف غم رسیدہ لوگ حاصل کریں گے۔

## اللہ تعالی کے پسندیدہ لوگ

﴿٩٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اللّٰهَ عِبَادًا اِختَصَّهُم بِحَوَائِجِ النَّاسِ یَفْزَعُ النَّاسُ اِلَیهِمْ فِیْ حَوَائِجِهِمْ. (الفتح الکبیر ٢ ١٠٢)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی کے ایسے بندے موجود ہیں جن کو اللہ تبارک وتعالی نے لوگوں کے کام نمٹانے کے لئے لگا رکھا ہے۔

## قرآن مجید کے ختم کے وقت ایک دعاء ضرور قبول ہوتی ہے

﴿١٠٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ لِصَاحِبِ القُرآنِ عِندَ کُلِّ خَتمَةٍ دَعوَةً مُستَجَابَةً. (کنزالعمال ٢٢٨٠)

حضور ﷺ نے فرمایا قرآن پڑھنے والے کے لئے ختم قرآن پر ایک دعا قبول ہوتی ہے۔

## اچھے بیان اور اچھے اشعار کی فضیلت

﴿١٠١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ مِنَ البَیَانِ سِحرًا وَاِنَّ مِنَ الشِّعرِ حِکَمًا. (المعجم الاوسط ٧٦٧١)

حضور ﷺ نے فرمایا بعض تقریریں سحر جیسا اثر کرتی ہیں اور بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔

## اس سنت پر عمل کریں

﴿١٠٢﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ مِنَ التَّوَاضُعِ الرِّضَا بِالدُّونِ مِن شَرَفِ المَجَالِسِ. (المعجم الکبیر للطبرانی ٢٠٥)

حضور ﷺ نے فرمایا اونچی محافل میں بیٹھنے کے لئے نچلی جگہ پر راضی ہوجانا تواضع ہے۔

## مہمان کا اکرام کریں

﴿١٠٣﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ مِنَ السُّنَّةِ اَن يَمْشِيَ الرَّجُلُ مَعَ الضَّيفِ اِلٰى بَابِ الدَّارِ. (الترغیب والترھیب ٢٠٤٩)

حضور ﷺ نے فرمایا مہمان کے ساتھ گھر کے دروازہ تک نکلنا سنت ہے۔

## اپنی خواہشات پر کنٹرول کریں

﴿١٠٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ مِنَ السَّرَفِ اَن تَاكُلَ كُلَّ مَا اشتَهَيتَ. (ابن ماجه ٣٣٥٢)

حضور ﷺ نے فرمایا فضول خرچی میں سے یہ ہے کہ تو کھائے ہر وہ چیز جس کا تیرا دل چاہے۔

## علم اور حلم حاصل کرنے کا طریقہ

﴿١٠٥﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّمَا العِلمُ بِالعِلمِ وَاِنَّمَا الحِلمُ بِالتَّحَلُّمِ. (المعجم الاوسط ٢٦٦٣)

حضور ﷺ نے فرمایا علم سیکھنے سے آتا ہے اور بردباری نرم بننے سے۔

## دو تباہ کن چیزیں

﴿١٠٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّمَا هَلَاكُ النَّاسِ بِاتِّبَاعِ الهَوٰى وَ حُبِّ الثَّنَاءِ.

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں کی ہلاکت خواہشات کی پیروی اور خود ثنائی میں ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی مدد ضعیفوں کے ذریعے ہوتی ہے

﴿١٠٧﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّمَا یَنصُرُ اللّٰهُ هٰذِهِ الاُمَّةَ بِضَعِیْفِهَا بِدَعْوَتِهِمْ وَصَلاَتِهِم وَاِخْلاَصَتِهِمْ .(نسائی ٣١٧٨)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ اس امت کی امداد اس کے کمزوروں کی دعاء اور انکی نماز اور انکے اخلاص کیوجہ سے کرتا ہے۔

## پاگل انسان۔آج ایسے پاگلوں کی بہتات ہے۔یہ لوگ قابل عبرت ہیں قابل رشک نہیں

﴿١٠٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:اِنَّمَا المَجنُونُ المُقِیمُ عَلٰی مَعصِیَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی .(کنزالعمال ١٠٣٣٧)

حضور ﷺ نے فرمایا جو اللہ رب العزت کی نافرمانی پر ڈٹا رہے وہ پاگل ہے۔

## تواضع کی فضیلت

﴿١٠٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّکُم تَغفِلُونَ عَن اَفضَلِ العِبَادَةِ التَّوَاضُعُ .(السنن الکبری للبیهقی ٥٤٠)

حضور ﷺ نے فرمایا تم بہترین عبادت تواضع سے غافل ہو۔

## خیانت سے بچیں

﴿١١٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِن لَم تَغُلَّ اُمَّتِی لَم تَقُم لَهُم عَدُوًّا اَبَدًا .(المعجم الاوسط ٨١٠٨)

حضور ﷺ نے فرمایا اگر میری امت خیانت نہ کرے تو کوئی دشمن اس کے سامنے ٹھہر نہ سکے۔

## داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کٹوانا حضور ﷺ کی سنت ہے

﴿١١١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَنهِکُوا الشَّوَارِبَ وَاعفُوا اللُّحٰی .(بخاری ٥٨٩٣)

حضور ﷺ نے فرمایا مونچھیں چھوٹی کرواور داڑھیوں کو بڑھاؤ۔

## اللہ کے اولیاء وہ ہیں جن کو دیکھنے سے اللہ یاد آئے

﴿۱۱۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَولِيَاءُ اللّٰهِ الَّذِينَ اِذَا رَاُوْا ذَكَرَ اللّٰهَ. (کنزالعمال ۱۷۸۳)

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی کے اولیاء وہ لوگ ہیں جن کو دیکھنے سے خدا یاد آ جائے۔

## پیٹ بھر کر کھانے سے بچیں

﴿۱۱۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَهلُ الشِّبعِ فِى الدُّنيَا هُم اَهلُ الجُوعِ فِى الآخِرَةِ. (المعجم الکبیر للطبرانی ۱۱۶۹۳)

حضور ﷺ نے فرمایا دنیا میں پیٹ بھرنے والے آخرت میں بھوکے رہیں گے۔

## اللہ کے پسندیدہ لوگ

﴿۱۱۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَهلُ القُرآنِ اَهلُ اللّٰهِ وَخَاصَّتُهٗ. (ابن ماجه ۲۱۵)

حضور ﷺ نے فرمایا قرآن والے اللہ تبارک وتعالی کے اہل اور اللہ تبارک وتعالی کے خاص لوگ ہیں۔

## نابینا لوگوں کا اللہ کے ہاں ایک خاص مقام

﴿۱۱۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَوَّلُ مَن يَنظُرُ اِلَى اللّٰهِ يَومَ القِيَامَةِ مَن كَانَ ضَرِيرًا.

حضور ﷺ نے فرمایا نابینا قیامت کے دن سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالی کو دیکھیں گے۔

## عیش پرستی سے بچیں

﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰهِ لَيسُوا بِالْمُتَنَعِّمِينَ. (مسند احمد ۲۲۱۰۵)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنے کو عیش پرستی سے بچاؤ کیونکہ اللہ تبارک وتعالی کے بندے عیش پرستی

کرنے والے نہیں ہوتے۔

## نیک بیوہ عورت کا آسمانوں میں مقام

﴿۱۱۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاَرمِلَةُ الصَّالِحَةُ سُمِّيَت فِی السَّمَاءِ شَهِيدَةٌ.(الفوائد المجموعة ۵۶)

حضور ﷺ نے فرمایا نیک بیوہ عورت کا نام آسمانوں میں شہیدہ رکھا جاتا ہے۔

## استغفار کی فضیلت

﴿۱۱۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلإِستِغفَارُ مَمحَاةٌ لِلذُّنُوبِ.(کنزالعمال ۲۰۷۱)

حضور ﷺ نے فرمایا استغفار گناہوں کو مٹانے والی ہے۔

﴿۱۱۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاِستِغفَارُ فِی الصَّحِيفَةِ يَتَلأْ لأُ نُورًا.(کنزالعمال ۲۰۶۴)

حضور ﷺ نے فرمایا استغفار اعمال نامے میں خوب چمکے گا۔

## مسجد دور ہو تو پریشان نہ ہوں زیادہ اجر ملے گا

﴿۱۲۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلابَعدُ فَالابَعدُ مِنَ المَسجِدِ اَعظَمُ اَجرًا.(سنن ابن ماجه ۷۸۲)

حضور ﷺ نے فرمایا دور سے مسجد میں آنے والا بڑے ثواب والا ہے۔

## امانت داری کی فضیلت اور خیانت کا نقصان

﴿۱۲۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاَمَانَةُ تَجلِبُ الرِّزقَ وَالخِيَانَةُ تَجلِبُ الفَقرَ.(کنزالعمال ۵۴۹۳)

حضور ﷺ نے فرمایا امانت داری رزق کو کھینچتی ہے اور خیانت فقر کو کھینچتی ہے۔

## امراض اللہ کے ہدیے ہیں

﴿۱۲۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاَمرَاضُ هَدَايَا مِنَ اللّٰهِ فَأَحَبُّ الْعِبَادِ اِلَى اللّٰهِ اَكْثَرُهُمْ هَدْيَةً .(الفوائدالمجموعة ۱۲۰)

حضور ﷺ نے فرمایا بیماریاں اللہ تبارک وتعالی کے ہدایا ہیں۔اللہ تبارک وتعالی کو وہ انسان زیادہ پسند ہے جسکو زیادہ اللہ تبارک وتعالی کے ہدایا ملیں۔

## تقدیر پر ایمان لانے کی فضیلت

﴿۱۲۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاِيمَانُ بِالقَدرِ يُذهِبُ الهَمَّ وَالحُزنَ.(كنزالعمال ۴۸۱)

حضور ﷺ نے فرمایا تقدیر پر ایمان لانا غم وحزن کو دور کرتا ہے۔

## کبھی اپنے خدام کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائیں

﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلاَكلُ مَعَ الخَادِمِ مِنَ التَّوَاضُعِ.(كنزالعمال۲۵۰۳۵)

حضور ﷺ نے فرمایا خادم کے ساتھ کھانا تواضع ہے۔

## سلام کی فضیلت

﴿۱۲۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :بُلُّوْا اَرحَامَكُم وَلَو بِالسَّلاَمِ.(شعب الايمان ۷۶۰۲)

حضور ﷺ نے فرمایا اپنی رشتہ داریوں کو تر رکھو اگر چہ سلام سے ہی سہی۔

﴿۱۲۶﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلبَادِئُ بِالسَّلاَمِ بَرِیءٌ مِنَ الكِبرِ.(الأدب للبيهقى ۲۰۶)

حضور ﷺ نے فرمایا پہلے سلام کہنے والا تکبر سے بری ہے۔

## برکت اکابر کے ساتھ ہے جبکہ وہ حضور ﷺ کا طریقہ اختیار کر رہے ہوں

﴿۱۲۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَلبَرَكَةُ مَعَ اَكَابِرِكُمْ .(المعجم الاوسط ۸۹۹۱)

حضور ﷺ نے فرمایا برکت تمہارے بڑوں اہل علم کے ساتھ ہے۔

## فقر اللہ کا تحفہ ہے

﴿۱۲۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :تُحفَةُ المُؤمِنِ فِی الدُّنیَا الفَقرُ. (کنزالعمال ۱۶۶۰۱)

حضور ﷺ نے فرمایا دنیا میں مؤمن کا تحفہ فقر ہے۔

## مجاہد کی نیکی اور تسبیح کی فضیلت

﴿۱۲۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :تَسبِیحَةٌ مِنَ الغَازِی سَبعُونَ اَلفَ حَسَنَةٍ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا. (کنزالعمال ۱۰۷۹۷)

حضور ﷺ نے فرمایا غازی کی ایک تسبیح ستر ہزار نیکیوں کے برابر ہے۔اور ایک نیکی دس نیکیوں کی مثل ہے۔

## اللہ کی قدرتوں پر غور وفکر کرنے کی فضیلت

﴿۱۳۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :تَفَکُّرُ سَاعَةٍ خَیرٌ مِن قِیَامِ لَیلَةٍ .(مصنف ابن ابی شیبہ ۳۵۲۲۳)

حضور ﷺ نے فرمایا ایک گھڑی (اللہ تبارک تعالیٰ کی عظمت میں) فکر کرنا ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

## کامل نیکی

﴿۱۳۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :تَمَامُ الْبِرِّاَنْ تَعْمَلَ فِی السِّرِّ عَمَلَ الْعَلاَنِیَةِ.

حضور ﷺ نے فرمایا کامل نیکی یہ ہے کہ تو تنہائی میں بھی وہ عمل کرے جو لوگوں کے سامنے کرتا ہے۔

## تہجد کے عظیم الشان فضائل

﴿۱۳۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : عَلَیکُمْ بِقِیَامِ اللَّیلِ فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصَّالِحِینَ قَبلَکُمْ وَهُوَ

قُرْبَةٌ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ وَمُكَفِّرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ وَمِنهَاتٌ لِلاِثْمِ (ترمذی ۳۵۴۹)

حضور ﷺ نے فرمایا تمہارے اوپر لازم ہے رات کا اٹھنا کیونکہ یہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کی عادت رہی ہے اور تم کو تمہارے رب کے قریب کرنے والا ہے اور برائیوں کو مٹانے والا ہے۔ اور گناہوں سے روکنے والا ہے۔

﴿۱۳۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: شَرَفُ الْمُؤْمِنِ قِيَامُهُ بِاللَّيْلِ وَعِزُّهُ اِسْتِغْنَائُهُ عَنِ النَّاسِ.

حضور ﷺ نے فرمایا مؤمن کی شرافت رات کو اٹھنے میں ہے اور مؤمن کی عزت لوگوں سے بے پرواہی اختیار کرنے میں ہے۔

﴿۱۳٤﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّهَوِّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْوُقُوْفُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلْيَرَهُ اللّٰهَ فِىْ ظُلْمَةِاللَّيْلِ سَاجِدًا وَ قَائِمًا.

حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ پسند کرتا ہو کہ قیامت کے دن اسکے لیے اللہ تبارک وتعالی کے سامنے کھڑا ہونا آسان ہو تو چاہیے کہ اللہ تبارک وتعالی اسکو رات کو قیام اور سجود کی حالت میں دیکھے۔

## دلوں کو منور کرنے کا طریقہ

﴿۱۳۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : نَوِّرُوا قُلُوْبَكُمْ بِالْجُوْعِ وَجَاهِدُوْ اَنْفُسَكُمْ بِالْجُوْعِ وَالْعَطْشِ .

حضور ﷺ نے فرمایا اپنے دلوں کو منور کرو بھوک کے ساتھ اور اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرو بھوک اور پیاس کے ساتھ۔

## جنت کا دروازہ کھٹکھٹایئے

﴿۱۳٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَدِيْمُوْا قَرْعَ بَابِ الْجَنَّةِ بِالْجُوْعِ وَلَيْسَ مِنْ عَمَلٍ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنَ الْجُوْعِ وَالْعَطْشِ.

حضور ﷺ نے فرمایا جنت کے دروازے کو کھٹکھٹانا قائم رکھو بھوک کے ساتھ اور نہیں ہے کوئی عمل بھی پسندیدہ اللہ تبارک وتعالی کے لئے بھوک اور پیاس سے۔

## صلح کرانے کی فضیلت

﴿۱۳۷﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَصْلِحْ بَيْنَ النَّاسِ وَلَوْ بِالْكِذْبِ. (کنز العمال ۸۲۴۶)

حضور ﷺ نے فرمایا تم لوگوں کے درمیان صلح کروا گرچہ جھوٹ بھی بولنا پڑے۔

## گھر والوں پر بخل کرنے کا نقصان

﴿۱۳۸﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اَبْغَضَ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ مَنْ ضَنَّ عَلٰى عِيَالِهٖ.

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض وہ ہے جو اپنے عیال پر بخل کرے۔

## اصل حسب ونسب

﴿۱۳۹﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَحْسَابُكُمْ اَخْلَاقُكُمْ وَاَنْسَابُكُمْ اَعْمَالُكُمْ.

حضور ﷺ نے فرمایا تمہارے حسب تمہارے اخلاق ہیں اور تمہارے نسب تمہارے اعمال ہیں۔

## قبرستان میں جایا کریں یہ دنیا کی پریشانیوں کو دور کردے گی

﴿۱۴۰﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا اَعْيَتْكُمُ الْاُمُوْرُ فَعَلَيْكُمْ بِاَصْحَابِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا.

حضور ﷺ نے فرمایا جب تم کو کام تھکا دیں تو اہل قبور کی جا کر زیارت کرو۔

## اپنے آپ کو پہچان لیں یہی رب کو پہچاننے کا ذریعہ ہے

﴿۱۴۱﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا عَرَفَ أَحَدٌ نَفْسَهٗ عَرَفَ رَبَّهٗ.

حضور ﷺ نے فرمایا جب کوئی اپنے آپ کو پہچان لیتا ہے تو وہ اپنے رب کو پہچان لیتا ہے۔

## عورتوں کو ایک اہم نصیحت

﴿۱۴۲﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا قَالَتِ الْمَرْأَةُ لِزَوْجِهَا مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْراً قَطُّ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهَا.

حضور ﷺ نے فرمایا جب عورت اپنے خاوند سے کہے کہ میں نے تجھ سے نیکی کبھی نہیں دیکھی تو اس کے عمل ضائع ہو جاتے ہیں۔

## اللہ تبارک وتعالیٰ بڑے مہربان ہیں

﴿۱۴۳﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :إِذَا قَرَأَ الْقَارِئُ فَلَحَنَ كَتَبَهُ الْمَلَكُ كَمَا أُنْزِلَ.

حضور ﷺ نے فرمایا جب قاری (غلطی سے) قرآن غلط پڑھتا ہے تو اس کو فرشتہ ایسا لکھتا ہے جیسا کہ نازل ہوا۔

## عالم بننے کی کوشش کرتے رہیں

﴿۱۴۴﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِذَا مَاتَ الْعَالِمُ صَوَّرَ اللّٰهُ عِلْمَهُ فِيْ قَبْرِهٖ يُوْأَنِسُهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضور ﷺ نے فرمایا جب عالم مرتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے علم کو ایک صورت عطاء فرماتے ہیں جو قبر میں قیامت تک اس کا دل بہلاتا ہے۔

## چالیس گھروں کو اپنا پڑوسی سمجھیں اور ان کی خوب فکر کریں

﴿۱۴۵﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :أَرْبَعُوْنَ دَارًا جَارٌ.

حضور ﷺ نے فرمایا چالیس گھروں تک پڑوسی ہیں۔

## گھروں کو صاف ستھرا رکھنے کی فضیلت

﴿١٤٦﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :إِرْفَعُوْا الْقُمَامَةَ مِنْ بُيُوْتِكُمْ فَإِنَّهَا مَقِيْلُ الشَّيْطَانِ.

حضور ﷺ نے فرمایا گھروں سے کوڑا کرکٹ صاف کردیا کرو کیونکہ یہ شیطان کی خوابگاہ ہیں۔

## اچھے تاجروں کی فضیلت

﴿١٤٧﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِعْلَمْ أَنَّ عَوْنَ اللّٰهِ مَعَ صَالِحِى التُّجَارِ.

حضور ﷺ نے فرمایا تو جان لو کہ اللہ تبارک وتعالی کی امداد نیک صالح تاجروں کے ساتھ ہے۔

## بہترین انسان

﴿١٤٨﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اَفضَلُ النَّاسِ اتقَاهُمُ اللّٰهَ وَ اَوصَلُهُم لِلرَّحِمِ.

حضور ﷺ نے فرمایا لوگوں میں سے بہترین انسان وہ ہے جو اللہ تبارک وتعالی زیادہ خوف رکھنے والا ہو اور زیادہ صلہ رحمی کرنے والا ہو۔

## نوجوانو! کسی نہ کسی اچھے کام میں اپنے کو مشغول رکھو

﴿١٤٩﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اللّٰهَ يُبغِضُ الشَّابَ الفَارِغَ.

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی فارغ نوجوان کو ناپسند کرتا ہے۔

## بقدر مصائب کے صبر کا نزول ہوتا ہے

﴿١٥٠﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : يَنزِلُ الصَّبرُ عَلٰى قَدرِ الْمُصِيْبَةِ.

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی صبر بقدر مصیبت کے نازل کرتا ہے۔

## آسمانوں سے چمکنے والے گھر

﴿١٥١﴾ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :اِنَّ اَهلَ البَيتِ لَيَقِلُّ طَعْمُهُمْ فَتَنَوَّرَ بُيُوتُهُم.

حضور ﷺ نے فرمایا وہ گھر جنکا کھانا تھوڑا ہوتا ہے وہ آسمان سے چمکتے نظر آتے ہیں۔

۳۰ رجب المرجب ۱۴۳۷ھ
محمد نیاز